بصیرت افروز اور پُراز معلومات ہے اور اس کا مطالعہ بے شبہ فائدہ کا باعث ہوگا۔ لیکن چونکہ فاضل مصنف کے بعض مقالات ایسے بھی شامل کردیئے گئے جو وقتی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے کسی جلسہ میں پڑھنے کے لئے لکھے گئے تھے۔ اس بنا پر کتاب میں بحیثیت مجموعی وہ یکسانیت اور نظم وترتیب نہیں ہے جو ایک سنجیدہ اور ٹھوس علمی کتاب کے لئے ضروری ہے امید ہے ڈاکٹر صاحب ان پر نظر ثانی فرما کر اس خامی کو دور کردیں گے۔

حکومتِ الٰہیہ کے قیام کی دعوت | تقطیع خورد ضخامت ۱۶ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت ۳ ر پتہ:- ادارۂ دعوت الحق بیگم بازار کوچہ گھانس منڈی حیدرآباد دکن

یہ دراصل ایک مختصر سا خطبہ ہے جو مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے کسی جلسہ میں پڑھا تھا اور بعد میں مختلف رسائل میں شائع ہوا اس میں مولانا نے سورۂ فاتحہ کو بنیاد قرار دیکر یہ بتایا ہے کہ قرآن مجید کے بیان کے مطابق قوم ضال اور مغضوب علیہم کون لوگ ہیں اور ان کے خصوصیات کیا ہیں پھر یہ کہ مسلمان کی خصوصیات کیا ہیں اور اسے کیسا ہونا چاہئے۔ اس سلسلہ میں فاضل خطیب نے دعوت دی ہے کہ مسلمانوں کی اجتماعی جدوجہد کا نقطۂ مقصود کسی باطل کی حمایت نہیں بلکہ دنیا میں الٰہی قوانین کا نفاذ ہونا چاہئے۔ لیکن یہ نفاذ کیونکر ہو؟ اور خود مسلمانوں کو ان قوانین کا پابند کیونکر بنایا جا سکتا ہے؟ بہتر ہوتا کہ ان پر بھی روشنی ڈالی جاتی۔ کیونکہ جہاں تک اصل مقصد کا تعلق ہے کوئی مسلمان بحیثیت مسلمان اس سے انکار نہیں کرسکتا۔ اختلاف جو کچھ بھی ہے طریق کار میں ہے۔

رسالوں کے خاص نمبر

شاعر کا افسانہ نمبر | مرتبہ جناب اعجاز صدیقی ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ۔ دفتر رسالہ شاعر آگرہ۔

یہ آگرہ کے مشہور اور پرانے ادبی رسالہ شاعر کا خاص نمبر ہے لیکن اس میں جدت یہ کی گئی ہے کہ تمام افسانے خواتین کے قلم کے لکھے ہوئے ہیں۔ یہ افسانے جن میں بعض منظوم بھی ہیں گنتی میں ۲۹ ہیں اور ان کے بیک وقت مطالعہ سے یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ چند برسوں میں ہی ہماری